# الیکشن کمیشن آف پاکستان

********

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اس سال بلوچستان، خیبر پختونخوااور کنٹونمنٹ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات اور رائے دہندگان کی سہولت کے پیش نظر ملک بھر میں جاری انتخابی فہرستوں کی نظرثانی میں فارم نمبر 21 برائے اندراج و منتقلی ووٹ جمع کروانے کی تاریخ میں 30 مئی 2019 تک توسیع کر دی ہے۔اب فارم برائے اندراج و منتقلی ووٹ دفتر ضلعی الیکشن کمشنر/ رجسٹریشن آفیسر اور اضلاع میں قائم مراکز برائے وصولی فارم/ دفاتر اسسٹنٹ رجسٹریشن افسران میں 30 مئی 2019 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے رائے دہندگان کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ اگر ان کا ووٹ شناختی کارڈ پر درج پتوں کے علاوہ کسی دیگر پتہ پر درج ہے تو اسے 30 مئی 2019 شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ پر منتقل کروالیں۔